## 3138 ـ والد كا اولاد ميں سےكسي ايك كواپني مملوكہ اشياء فروخت كرنا

**سوال**

كيا كسي شخص كےليےجائز ہےكہ وہ اپني اولاد ميں سے كسي ايك كو اپني مملوكہ اشياء ميں سےكوئي چيز فروخت كرے، يہ علم ميں ركھيں كہ اولاد ميں سے كچھ توان اشياء كوخريدنےكي استطاعت ركھتےہيں اور بعض دوسروں كےپاس خريدنےكےليےكچھ بھي نہيں اور نہ ہي وہ خريداري كي استطاعت ركھتےہيں ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

آدمي كےليے جائز ہے كہ وہ اپني اولاد ميں كسي ايك كوبھي اپني كوئي چيزفروخت كرے، جب وہ خريدنےكي استطاعت ركھےاوراس كےساتھ وہي معاملہ كرے جوايك اجنبي كےساتھ كيا جاتا ہے، اور اسے ايسي چھوٹ نہ دے جس ميں اسےدوسرے بھائيوں پرفضيلت حاصل ہوتي ہو .